© rasailojaraid.com



# اَدَبِیات

## قندِ پارسی

(جناب الم مظفر نگری)

بگذر از نیتِ اغیار کہ تنگ است ہنوز
صلح در جنگ مپندار کہ جنگ است ہنوز

لخت لختِ جگرم چوں نہ رسد تا مژگاں
در خلیدن بہ جگر نوکِ خدنگ است ہنوز

وقتے آید کہ دلم در غمِ تو خوں گردد
بہ تقاضائے وفا رہنِ درنگ است ہنوز

ناخدا خطرۂ در خطرہ بہ موجِ دریا
در تہِ حلقۂ گردابِ نہنگ است ہنوز

دردِ عشقِ تو بگو من بکجائے بہ برم
عرصۂ عالمِ ہستی ہمہ تنگ است ہنوز

وقتِ پیری بدلم یادِ جوانی باقی است
در خزاں دیدہ چمن جلوۂ رنگ است ہنوز

رستگاری بہ حقیقت مرا حاصل نشدہ
دامن شوق الم در تہِ سنگ است ہنوز

## جنونِ حیات (غزل)

(جناب شمس نوید)

انساں جنوں ہے اور حدِ امکاں ہے زندگی
عصیاں کہاں ہے حسرتِ عصیاں ہے زندگی

پنہاں ہے زندگی نہ نمایاں ہے زندگی
یوں تیرے بس میں اے غمِ جاناں ہے زندگی

اے دوست اشک و آہ میں غلطاں ہے زندگی
خود جرمِ زندگی پہ پشیماں ہے زندگی

نغموں کی گونج، حسن کے خوابوں کی بازگشت
روماں کے بعد حاصلِ روماں ہے زندگی

اب تک ہمارے ساتھ ہیں یا عنی کے صبح و شام
کیسے کہیں کہ خوابِ گریزاں ہے زندگی

نظروں سے روح تک ہے پراسرار سوز و ساز
اک داستانِ راز کا عنواں ہے زندگی

امید دور دور ہے، ہر خواب چور چور
کس ساز پہ ہنوز غزل خواں ہے زندگی



© rasailojaraid.com